ڈیٹا رومنگ ڈے پاس کا اسمارٹ استعمال

اسمارٹ فون اور دیگر وائرلیس مصنوعات کی بڑھتی ہوئی شہرت کے ساتھ اس سے جڑے رہنے اور اس سے لطف اندوز ہونے کے لیے اسے اپنے ساتھ کہیں بھی لے جانا ہمارے لیے بہت سہولت بخش ہوگیا ہے۔ تاہم اس بات سے بھی باخبر رہیں کہ ڈیٹا رومنگ سروس چارج مقامی ڈیٹا سروس سے بہت زیادہ ہوتے ہیں اورچارجنگ میکنزم (طریقہ کار) تو بہت ہی پیچیدہ ہوتا ہے۔ سفر کے دوران غیر متوقع بھاری موبائل ڈیٹا چارج کو برداشت کرنے سے بچنے کے لیے آپ ہانگ کانگ چھوڑنے سے پہلے ڈیٹا رومنگ ڈے پاس (''ڈے پاس'') کو خریدنے پر غور کرسکتے ہیں۔

ڈے پاس متعین شرح کا ایک یومیہ پلا ن ہے جس کی موبائل ڈیٹا استعمال کے لیے عمومی لاگت 200 ہانگ کانگ ڈالر فی دن ہوتی ہے۔ چونکہ انفرادی آپریٹر ڈے پاس کے استعمال پر مختلف پابندیاں اور شرائط لگا دیتے ہیں اس لیے یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی ضرورت کے مطابق ڈے پاس خریدنے سے پہلے ضروری جانچ اور وضاحت کرلیں۔ اگر کوئی شبہ ہو، تو آپ کو اپنے سروس آپریٹر سے اس کی وضاحت طلب کرنی چاہیے۔ حتیٰ کہ ڈے پاس خریدنے کے بعد بھی سروس پابندیاں آپ کے ذہن میں رہنی چاہیں۔ خاص طور پر آپ کو مندرجہ ذیل پر دھیان دینا چاہیے:

صرف نامزد مقامات اور نیٹ ورکوں پر لاگو ہوتی ہیں

- ڈیٹا استعمال کے یہ پیکج صرف نامزد ہدفیہ مقامات **اور** نیٹ ورکوں پر ہی لاگو ہوتے ہیں۔ آپ کو بہت دھیان سے جانچنا چاہیے کہ فہرست میں کون سا ملک شامل ہے (اور کون سا شامل نہیں ہے) اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آیا ڈے پاس آپ کے مطلوبہ مقام پر لاگو ہوتا ہے۔ آپ کو یہ بھی یقینی بنانا چاہیے کہ آپ اس ملک جہاں آپ جارہے میں نامزد نیٹ ورک پر ہمیشہ لاگ آن رہیں۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں باقاعدہ ڈیٹا رومنگ چارج لگائیں جائیں گے جو بہت زیادہ اونچے درجے کے ہوتے ہیں۔

کیا مخصوص خدمات پر مزید چارج لگائے جاتے ہیں

- آپ کو ڈے پاس میں شامل خدمات کی اقسام پر شرائط و ضوابط کو اچھی طرح دھیان سے پڑھ لینا چاہیے اور دیکھنا چاہیے کہ کیا دیگر خدمات پر مزید چارج کا اطلاق ہوتا ہے۔ اگر کوئی شبہ ہو تو اپنے سروس آپریٹر سے اس کی تصدیق کریں۔

''نیٹ ورک سوئچنگ'' سے باخبر رہیں

- اگر آپ کا ہینڈ سیٹ یا وائرلیس ڈیوائس ''آٹو میٹک'' نیٹ ورک منتحب کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے تو آپ ''نیٹ ورک سوئچنگ'' کا تجربہ کرسکتے ہیں۔ ایسا تب ہوگا جب جوڑا گیا نیٹ ورک کا سگنل کمزور ہوتا ہے اور آپ کا ہینڈ سیٹ یا وائر لیس ڈیوائس خود بخود مضبوط سگنل والے کسی غیر نامزد نیٹ ورک سے جڑ جاتا ہے۔ اس طرح کی ''نیٹ ورک سوئچنگ'' سے ہونے والے بھاری ڈیٹا

رومنگ چارج سے بچنے کے لیے آپ کو اپنے ہینڈ سیٹ اور وائر لیس ڈیوائس کو مینوئل نیٹ ورک سلیکشن پر سیٹ کرنا چاہیے تاکہ کنکشن صرف نامزد نیٹ ورک تک ہی محدود رہے۔

مینوئل نیٹ ورک سلیکشن طریقہ کار مختلف ماڈلوں میں الگ الگ ہوسکتا ہے۔ عام طور پر، مندرجہ ذیل اقدامات کرسکتے ہیں:

1. ''سیٹنگ'' مینو پر جائیں۔
2. ''آپریٹر'' یا ''نیٹ ورک'' سب مینو کا انتخاب کریں۔
3. اپنے نامزد نیٹ ورک کا انتخاب کرنے کے لیے 'مینوئل نیٹ ورک' سلیشکن کو چنیں۔
4. اپنے ہینڈ سیٹ یا وائرلیس ڈیوائس میں نامزد نیٹ ورک سلیکشن کو محفوظ کریں۔
5. آپ کے ہینڈ سیٹ یا وائر لیس ڈیوائس کی اسکرین پر نمایاں ہونا چاہیے کہ آپ کامیابی کے ساتھ نامزد نیٹ ورک سے جڑ گئے ہیں۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہینڈ سیٹ یا وائرلیس ڈیوائس نامزد نیٹ ورک سے جڑا ہوا ہے آپ کو اس کی جانچ کرتے رہنا چاہیے۔

سرحدی علاقوں میں سفر کرتے ہوئے

- بیرون ممالک کے سرحدی علاقوں کے قریب سفر کرتے وقت آپ کو بہت دھیان رکھنا چاہیے۔ سرحد کے آس پاس ریڈیو سگنل کے بہت زیادہ پھیلاؤ کے باعث آپ کا ہینڈ سیٹ بہت مضبوط سگنلوں والے ملک کے نیٹ ورک سے اپنے آپ جڑ سکتا ہے۔ جو ڈے پاس کے نامزد مقامات یا نیٹ ورک کی فہرست کے علاوہ ہوسکتا ہے۔ آپ کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ سرحدی علاقوں میں سفر کرتے وقت اپنے ہینڈ سیٹ کی بار بار جانچ کرتے ہیں۔ ژوہائی اور مکاؤ کے آس پاس کے علاقہ میں سفر کے دوران بھی اسی طرح ایک نیٹ ورک سے دوسرے نیٹ ورک پر منتقلی ہوسکتی ہے۔ ایک بار پھر آپ کو تجویز دی جاتی ہے کہ (یہ یقینی بنانے کے لیے) اپنے ہینڈ سیٹ یا وائرلیس ڈیوائس کو مینوئل نیٹ ورک سلیکشن پر سیٹ کریں کہ یہ اب بھی نامزد نیٹ ورک سے جڑا ہے۔

سروس فعالیت اور کٹ آف وقت کی جانچ کریں

- آپ کو اپنے ڈے پاس کے سروس فعالیت طریقہ کار اور کٹ آف وقت کے تعلق سے ہوشیار رہنا ہوگا۔ عام طور پر سروس تب ہی فعال ہوتی ہے جب آپ اپنے سروس آپریٹر کو ایک چھوٹے پیغام کے ذریعہ بھیجتے ہیں اور آپ کا سروس آپریٹر آپ کو مطلع کرتا ہے کہ سروس کامیابی کے ساتھ فعال کردی گئی ہے۔ آپ کو اپنے سروس آپریٹر سے یہ واضح کرلینا چاہیے کہ آپ کے تصدیق کرنے بعد کیا سروس فوری طوری پر فعال ہوجائے گی یا آپ کی تصدیق کے کچھ وقت بعد اس کو فعال کیا جائے گا۔ بعد والے معاملے میں، جب تک یہ مطلع نہ کیا جائے کہ آپ کی سروس کو فعال کردیا ہے آپ کو اپنے ہینڈ سیٹ یا وائر لیس ڈیوائس کے استعمال سے دور رہنا چاہیے۔

اگر آپ کا سروس آپریٹرایسی حالت میں ڈے پاس کی سروس کو فعال کرنے کی آپ کی تصدیق کو منظور کرتا ہے، جب آپ نامزد مقام پر نہیں ہوتے، تو بھی آپ کا ڈے پاس صرف تب ہی لاگو ہوگا جب آپ نامزد مقام پر ہونگے اور نامزد نیٹ ورک سے جڑیں گے۔ ایسا نہ ہونے کی صورت میں باقاعدہ ڈیٹا رومنگ چارج برداشت کرنے پڑیں گے جو بہت زیادہ مہنگے ہوتے ہیں۔

ڈیٹا رومنگ چارج کے تخمینہ کے لیے ''ایک دن'' کی تعریف کی جانچ کریں

- ''ایک دن'' کی تعریف مختلف پیکجوں کے مطابق الگ الگ ہوسکتی ہے۔ ''ایک دن'' کی تعریف ہانگ کانگ کے مقامی وقت (23:59 – 00:00) پر یا منزل مقصود ماقم کے مقامی وقت کے مطابق ہوسکتی ہے۔ یومیہ چارج کا تخمینہ بھی منزل مقصود مقام کی بنیاد پر ہوسکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ ایک ہی دن میں امریکہ کا سفر کررہے ہیں اور پورے سفر میں موبائل ڈیٹا سروس کا استعمال کررہے ہیں، تو سروس آپریٹر آپ پر دو گنا چارج لگا سکتا ہے کیونکہ آپ ایک ہی دن میں دو مقامات پر رہ چکے ہیں۔

ڈیٹا رومنگ خدمت کو غیر فعال کرنا

- اگر آپ غیر ملک میں سفر کرنے کے دوران موبائل ڈیٹا رومنگ خدمات کو ضروری نہیں سمجھتے، تو آپ اپنے اسمارٹ فون اور وائرلیس ڈیوائس کی موبائل ڈیٹا رومنگ خصوصیات کو آسانی سے غیر فعال کرسکتے ہیں۔

دفتر برائے کمیونیکیشن اتھارٹی
1 اپریل 2012